Text of Mid Day Urdu Bulletin

TIme: 1230 PM

Dated:16-07-2026

Opening

:آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔دن کے 12بجکر 30منٹ ہوئے ہیں خبروں کا بلیٹن لیکر مینعابدہ اختر

PM:

وزیر اعظم نریندر مودی کل ہریانہ ، چندی گڑھ اور پنجاب کا دورہ کریں گے۔وزیر اعظم ہریانہ میں جندریلوے سٹیشن سے جند اور سونی پت کے درمیان چلنے والی بھارت کی پہلی ہائیڈروجن ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کررہے ہیں۔وزیر اعظم جند میں 14ہزار 7سو کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے۔اس کے علاوہ وزیر اعظم چندی گڑھ میں 6ہزار 6سوکروڑ روپے جبکہ جالندھر میں 5ہزار470کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور کئی ایک کا افتتاح بھی کریں گے۔

:ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وارانسی میں کل ڈاکٹر سریش اوستھی سمرتی نیاس کی طرف سے 20ویں پُونیہ کے موضوع پرایک کلیدی خطبہ پیش کیا۔ایل جی اس AI-Effects and Side Effects سمرتی دیوس تقریبات کے سلسلے میں موقعے پر ڈاکٹر اوستھی کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے انہیں ایک ایسا عظیم سکالر اوردانشمند قرار دیا جنہوں نے سما ج سائنس کو بروئے کار لایا۔انہوننے کہا اگر چہ مصنوعی Political میں مثبت بدلاؤ لانے اور قوم کی جڑیں مضبوط کرنے میں ذہانت نے زندگی کے ہر ایک شعبے میں ایک مثبت بدلاؤ لایا تاہم ایک ذی شعور سماج کو اس کا ضرورت کے مطابق حساسیت کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔

:ایل جی مبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے بھگوان شری جگن ناتھ جی رتھ یاترا کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباددی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے دعاکی کہ بھگوان جگن ناتھ کا آشروادھ ہم سب کیلئے امن ، ترقی ، خوشحالی اور فلاح وبہبود کا باعث بنے۔

:یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ 3 لاکھ 40ہزاریاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔اطلاعات کے مطابق آج صبح11بجے تک8ہزار 725یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔ایل جی منوج سنہا نے اتنی بڑی تعداد میں یاتریوں کی آمد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یاتراکے احسن انعقاد میں شامل محکموں کی

ستائش کی ہے۔دریں اثناءآج جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 5ہزار195یاتریوں پر مشتمل 15واں قافلہ وادی پہنچا۔ان میں تین ہزار 450یاتری پہلگام جبکہ ایک ہزار 745یاتری بال تل کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

حج:

حج 2027کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اب محض چند ہی دن باقی رہ گئے ہیں۔

اطلاعات کے مطابق ابھی تک جموں وکشمیر حج کمیٹی کو صرف 2ہزار 7سو درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ اس سال حج کمیٹی کے پاس لگ بھگ 8ہزار حج سیٹوں کا کوٹہ موجودہے۔اس تعلق سے جموں وکشمیر حج کمیٹی کے چیف ایگزیکٹیو افسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے ہمارے نمائندے نور العین عشرت کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----V/O----

فیسٹول:

سرینگر میں 18جولائی سے 26جولائی تک چنار بک فیسٹول کا تیسرا شمارہ منعقد ہورہاہے۔اس سلسلے میں تمام SKICC انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنراکشے لابرو نے اس سلسلے میں آج جھیل ڈل میں ایک شکاراریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔بُک فیسٹول کی اہمیت اور انتظامات کے تعلق سے نیشنل بُک ٹرسٹ آف انڈیا کے ڈائریکٹر یوراج ملک نے ہمارے نمائندے شیخ تجمل کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

----V/O-----

ساگر:

کشمیری زبان کے ایک معروف شاعر اور ساگر کلچرل فورم کے ممبر غلام نبی لولہ کستور کل رانگر چاڈورہ میں انتقال کرگئے۔ان کے انتقال پر ساگر کلچرل فورم ژکر پٹن نے دکھ اور صدمے کا اظہار کیاہے۔

Closing:

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

اجازت دیجئےخدا حافظ